ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (277)

16-05-2023

**بہاول پور(          )پولیس پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم کی پندرہ روزہ کارکردگی رپورٹ۔ ماہ مئی 2023 کے پہلے 15 دنوں میں کل 37257 ایمرجنسی کالز میں سے 22860 فیک اور غیر متعلقہ موصول ہوئیں،شہری صرف ایمرجنسی کی صورت میں 15 پر کال کریں تاکہ پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہوسکے، پولیس افسران 15 کی کال پر فوری ریسپانس کریں، پولیس کی طرف سے کسی بھی سطح پر رسپانس میں سستی یا غفلت پر محکمانہ احتسابی کارروائی ہوگی،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم بہاول پور پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے ساتھ سنٹرالائزڈ اور 24/7 ایکٹیو ہے۔مئی کے پہلے 15 دنوں میں پکار 15 سنٹرالائزڈ سسٹم پر کل 37257 کالز موصول ہوئیں،جن میں 3148 کالز پر فوری امداد جبکہ 1460 کالز پر شہریوں کی رہنمائی کی گئی جبکہ 22860 جھوٹ پر مبنی کالز موصول ہوئیں۔ٹریفک کیسز سے متعلق 58 کالز موصول ہوئیں،جس پر لوگوں کی امداد اور رہنمائی فراہم کی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عوام ایمرجنسی صورتحال میں پکار 15 پر اطلاع دیتے ہیں،متعلقہ پولیس کی طرف سے بروقت رسپانس ملے تو عوام کا پولیس پر اعتماد بھی بڑھ جاتا ہے جبکہ معاشرہ سنگین وارداتوں اور ان کی حساسیت سے بھی محفوظ ہو جاتا ہے،اگر متعلقہ پولیس بروقت رسپانس نہ کرے تو عوام کی طرف سے جہاں پر پولیس کے حوالے سے منفی تاثرات بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں وہاں پر وارداتوں کے وقوع پذیر ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں،پولیس کا اولین فرض ہے کہ شہریوں کی جان و مال اور عزت و آبرو کا تحفظ کو یقینی بنائے۔شہریوں سے اپیل ہے کہ صرف سچ اور حقیقت پر مبنی اور ایمرجنسی صورت حال کے پیش نظر پکار 15 پر کال کریں تاکہ عوام الناس کو پولیس کی بروقت اور فوری امداد میسر ہوسکے اور سماج دشمن عناصر کو ان کے مذموم مقاصد میں کامیاب ہونے سے روکا جاسکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: پولیس نے پکار 15 کی ماہ مئی 2023ء کے پہلے 15 دنوں کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(278)

مورخہ16/05/2023

**بہاولپور( )ڈی پی اوسید محمد عباس کی جانب سے پولیس افسران کی استعداد کار بڑھانے کیلئے اسپشلائزڈ انویسٹیگیشن یونٹ برخلاف پراپرٹی مقدمات تشکیل کرنے کے احکامات۔ایس پی انویسٹیگیشن سلمان لیاقت اور ڈی ایس پی لیگل کی افسران کو بریفنگ۔عوام کو فوری اور معیاری ریلیف مہیا کرنا مقصد ہے۔ڈی پی اوسید محمد عباس**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے شہریوں کو فوری اور معیاری ریلیف مہیا کرنے بارے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے سرکل اور تھانے کی سطح پر اسپشلائزڈ انویسٹیگیشن یونٹ برائے پراپرٹی مقدمات تشکیل دینے کے احکامات جاری کیے،اس سلسلے میں تمام سرکلز میں انسپکٹر اور تھانوں کی سطح پر سب انسپکٹر اور اے ایس آئیز تعینات کر دیے گئے۔اس یونٹ کو جرم کی نوعیت کے مطابق دو کیٹیگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔کیٹیگری 1 میں قتل دوران ڈکیتی، ڈکیتی وراہزنی اور وہیکل چھیننا جبکہ کیٹیگری 2 میں وہیکل چوری، چوری اور نقب زنی شامل ہے۔ایس پی سلمان لیاقت اور ڈی ایس پی لیگل عبدالرف جاوید نے نئے تعینات ہونے والے افسران کو پولیس لائنز کے کانفرنس ہال میں بریفنگ دی۔جس کے دوران تفتیشی افسران کو جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، پولیس فائل بنانا،شہادتیں اکٹھی کرنے اور پراپرٹی سے متعلق کیس کے تمام مراحل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔اس موقع پر ایس پی انویسٹیگیشن سلمان لیاقت نے کہا کہ اس سسٹم سے تفتیشی افسران اپنی تفتیشی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال کر سکتے ہیں جس سے وہ پراپرٹی سے متعلق مقدمات میں اپنی کارکردگی کو بہتر کر سکیں گے اس سے نا صرف عوام کا لوٹا ہوا مال واپس ان تک پہنچانے کے قابل ہونگے بلکہ ملزمان کو بھی معیاری تفتیش کے ذریعے کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اس یونٹ سے ملحقہ افسران کی روزانہ کی بنیاد پر پراگرس لی جائے گی۔سرکل کی سطح پر آفیسر اس کا ذمہ دار ہوگا۔جس سرکل کی کارکردگی بہتر ہوگی ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اس کے برعکس ناقص کارکردگی پر سخت پوچھ گچھ ہوگی۔اس یونٹ کا مقصد ہیکہ ہر تفتیشی اپنے کام میں ماہرانہ انداز سے کارکردگی کا مظاہرہ کرے تا کہ عوام کو فوری ریلیف مہیا کیا جا سکے اور جرائم پیشہ افراد اپنے انجام کو پہنچیں۔امید ہے اس کے ثمرات جلد آنا شروع ہو جائیں گے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور:ایس پی انویسٹیگیشن سلمان لیاقت،ڈی ایس پی لیگل پولیس افسران کو کانفرنس ہال میں بریفنگ دیتے ہوئے